# تنظیم

داخلی نظم اور تنظیم اصلاً اجتماعیت کا تزکیہ ہے

## موجودہ افرادی و تنظیمی قوت :

- افرادی قوت:

| نمبرشمار | نوعیت | ارکان | کارکنان |
|---|---|---|---|
| 1 | مرد | 1035 | 7972 |
| 2 | خواتین | 209 | 2305 |
| | جملہ | 1244 | 10277 |

- تنظیمی پوزیشن:

- جماعتیں: 110
- حلقہ کارکنان: مرد 107
- حلقہ کارکنان: خواتین 155
- اضلاع جملہ: 36
- مستحکم تحریکی کام: 23 اضلاع میں
- کمزور کام 8 اضلاع میں
- ابتدائی شکل میں کام 5 اضلاع میں
- تعدادنظماءِ ضلع 23
- معاونین 11
- تعدادنظماءعلاقہ: 3 جملہ 37
- ناظمات ضلع 19
- معاونین: 3 جملہ 22

## مقامی و ضلعی سطح پر اہم سرگرمیاں :

- مقامی جماعتوں کے تحت ماہانہ احتسابی نشستیں: 565
- ناظم ضلع/علاقہ کی نگرانی میں احتسابی نشستیں 22 — تعدادِ شرکاء 141
- ماہانہ تنظیمی نشستیں 506
- دورہ نظمائے ضلع وعلاقہ 160 مقامات — ایام فراغت 196
- ضلعی وعلاقائی سطح پر تنظیمی اجتماعات کا اہتمام 12 — تعدادِ شرکاء 1659
- دورانِ مدت نئے کارکنان (مردوخواتین) کا اضافہ 1050

## ذمہ داران حلقہ کے خصوصی دورے اور میٹنگوں میں شرکت :

- ترکی قونصل خانہ میں نشست وملاقات منعقدہ یکم جنوری 2015 بمقام ممبئی میں امیر حلقہ وسکریٹری حلقہ کی شرکت۔
- دعوتی مہم لانچنگ پروگرام منعقدہ 3/جنوری 2015 اور پریس کانفرنس ممبئی میں امیر حلقہ وسکریٹری حلقہ کی شرکت۔

- ممبئ میٹرو کے ارکان اور ممبئ میٹرو کی شوریٰ کی نشست منعقدہ 4؍جنوری 2015 بمقام اسکالر انگلش اسکول ممبئ میں امیر حلقہ کی شرکت۔
- مولانا مودودی میموریل ٹرسٹ نشست منعقدہ 25؍جنوری 2015 بمقام اورنگ آباد میں امیر حلقہ و سکریٹری حلقہ کی شرکت
- GIO ناتھ، LPs,DOs کیمپ منعقدہ 8/9؍فروری 2015 بمقام ناندیڑ میں امیر حلقہ کی شرکت۔
- SIO ساؤتھ، LPs,DOs کیمپ منعقدہ 13؍فروری 2015 بمقام خلدآباد میں امیر حلقہ کی شرکت۔
- فیروس ایجوکیشنل سوسائٹی کوکن کے جلسہ تقسیم انعامات منعقدہ 22؍فروری 2015 بمقام بھیونڈی میں امیر حلقہ کی شرکت۔
- تربیتی اجتماع منعقدہ 27؍فروری 2015 بمقام مالیگاؤں میں امیر حلقہ کی شرکت۔
- تربیتی اجتماع منعقدہ 28؍فروری 2015 بمقام جل گاؤں میں امیر حلقہ کی شرکت۔
- ضلعی تربیتی اجتماع منعقدہ 14/15؍مارچ 2015 بمقام بیڑ میں امیر حلقہ کی شرکت۔
- GIO ساؤتھ، LPs,DOs کیمپ منعقدہ 14/15؍فروری 2015 بمقام اورنگ آباد میں امیر حلقہ کی شرکت۔
- SIO ناتھ، LPs,DOs کیمپ منعقدہ 17 تا 19؍فروری 2015 بمقام ناگپور میں معاون امیر حلقہ کی شرکت۔
- تربیتی اجتماع علاقہ کوکن منعقدہ 21/22؍مارچ 2015 بمقام داپولی میں امیر حلقہ کی شرکت۔
- IRW کیمپ منعقدہ 21/22؍مارچ 2015 بمقام پربھنی میں معاون امیر حلقہ کی شرکت۔
- دفتر حلقہ اسٹاف تفریحی پروگرام منعقدہ 28/29؍مارچ 2015 بمقام مروڈ جنجیرہ میں امیر حلقہ و سکریٹری حلقہ کی شرکت۔

## رودادوں کا کمپیوٹرائز ریکارڈ :

دفتر حلقہ میں دستیاب 1999 تا حال حلقہ مہاراشٹر کی مجلس شوریٰ کے اجلاسوں کی رودادوں کے ریکارڈ کو اسکیننگ کرکے نیز DTP کی ہوئی رودادوں کو CD میں محفوظ کرنے کا کام کیا گیا۔

## دفتر حلقہ عمارت کی درستی :

دورانِ مدت موجودہ دفتر حلقہ واقع مدنپورہ ممبئی کی عمارت کی درستی اور کلرنگ کا کام پایہ تکمیل کو پہنچایا گیا۔

## مرکز جماعت کو فراہمی :

- علاقائی اور غیر علاقائی بنیاد پر مجلس نمائندگان کے انتخاب کے سلسلے میں حلقہ کے ارکان کو سرکلر کے ذریعے متوجہ کیا گیا اور آراء مرکز جماعت کو روانہ کرانے کا اہتمام کیا گیا۔
- مرکز جماعت کی ہدایت کے مطابق حلقہ مہاراشٹر کی دوسالہ رپورٹ مرتب کرکے مرکز کو بروقت روانہ کی گئی۔

## ممبئی میٹرو :

دعوتی مہم کے ریاستی لانچنگ پروگرام میں محترم محمد جعفر صاحب (نائب امیر جماعت) کی آمد کے موقع پر مورخہ 4؍جنوری 2015ء کو ممبئ میٹرو کی شوریٰ اور تمام ارکان جماعت ممبئ میٹرو کی نشستوں کا اہتمام کیا گیا۔ ممبئ میٹرو کی شوریٰ اور تمام ارکان ممبئ میٹرو نے سوالات و جوابات اور مختلف موضوعات پر محترم نائب امیر جماعت سے استفادہ کیا۔ اس موقع پر محترم امیر حلقہ بھی شریک تھے۔




### سہ ماہی خبرنامہ کا اجراء :

دورانِ مدت حلقہ کی سرگرمیوں و دیگر امور پر مبنی سہ ماہی خبرنامہ **نشانِ راہ** کا آٹھواں شمارہ 3000 کی تعداد میں پرنٹ کرواکر پورے ریاست میں روانہ کیا گیا۔ نیز اس کی ایک ایک کاپی مرکزی ذمہ داران اور دیگر حلقہ جات کو بھی ارسال کی گئی۔

### مقامی جماعتوں کا آڈٹ :

دورانِ مدّت حلقہ کے آڈیٹر جناب غلام رفیق احمد صاحب نے 13 یوم، جناب محمد یونس صاحب نے 11 / یوم اور جناب ابرار محسن صاحب نے 4 / یوم اس طرح بحیثیت مجموعی تینوں آڈیٹرس نے 28 / یوم فارغ کرکے درج ذیل مقامی جماعتوں کے بیت المالوں کا جائزہ اور آڈٹ کا کام انجام دیا: اورنگ آباد، کولہاپور، کراڈ، شولاپور، عثمان آباد، لاتور، اردھاپور، فیض پور، جل گاؤں۔

### دفتر حلقہ میں ہفتہ واری اجتماعات:

- ہر ہفتہ بروز منگل صبح 09:00 تا 10:00 وابستگان دفتر حلقہ، IMPT اور شودھن ٹرسٹ کے اسٹاف پر مشتمل ہفتہ واری اجتماعات کا اہتمام کیا گیا۔
- دوران مدت یعنی ان تین ماہ میں دفتر حلقہ سے 336 عدد مراسلات کا اجراء عمل میں آیا۔

### امیر حلقہ، معاون امیر حلقہ و سکریٹری حلقہ کی مصروفیات اور یوم فراغت:

درج ذیل جدول کے مطابق دورانِ مدت محترم امیر حلقہ، معاونین امیر حلقہ اور سکریٹری حلقہ نے وقت فارغ کیا:

| نمبر شمار | ذمہ داران | دفتر حلقہ کیلئے | دورے اجلاس وغیرہ کیلئے | جملہ فارغ ایام |
|---|---|---|---|---|
| 1 | توفیق اسلم خان صاحب (امیر حلقہ) | 12 | 36 | 48 |
| 2 | رضوان الرحمٰن خان صاحب (معاون امیر حلقہ) | X | 24 | 24 |
| 3 | شیخ متین (سکریٹری حلقہ) | 49 1/2 | 10 1/2 | 60 |